رہبر معظم کی بعض قیدیوں کی سزاؤں میں بخشش اور کمی کی درخواست سے موافقت - 11 /Oct/ 2014

رہبر معظم‌انقلاب اسلامی حضرت آیت‌اللہ العظمی امام خامنہ ای نے عید الاضحی اور عید غدیرکی‌مناسبت‌سے عام عدالتوں ، فوجی‌اور انقلابی عدالتوں سے سزا پانے والے 1256 قیدیوں کی سزاؤں‌میں کمی اور بخشش کی‌درخواست سے موافقت کی ہے۔

عدلیہ کے سربراہ آیت اللہ آملی لاریجانی عید الاضحی اور عید سعید غدیر کی مناسبت سے رہبر معظم انقلاب اسلامی کے نام اپنے خط میں تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی کمیشن نے1256 افراد کی سزاؤں میں کمی اور بخشش کے شرائط تشخیص دیئے ہیں جو آپ کی خدمت میں پیش کئے جاتے ہیں۔ رہبر معظم انقلاب اسلامی نے عدلیہ کے سربراہ کی اس درخواست سےموافقت کی اور اسے منظور کرلیا ۔